# درمیانی دھار کے پیشاب کا نمونہ کیسے جمع کریں

## بڑی عمر کی بچیوں، نوجوان لڑکیوں اور بالغ خواتین کےلیے

## عام ہدایات

**پیشاب کا نمونہ لینے سے پہلے** اور بعد میں ہمیشہ اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں۔


**جراثیم سے پاک کنٹینر کو** اس وقت تک نہ کھولیں جب تک آپ نمونہ جمع کرنے کےلیے تیار نہ ہوں۔

**کنٹینر کے اندرونی حصے کو ہاتھ نہ لگائیں،** اور اس بات کا خیال رکھیں کہ آپ کے اعضائے تناسل کنٹینر کـ کسی بھی حصے کو نہ چھوئیں۔

اگر آپ کے صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہر نـ کہا ہو **تو نمونہ جمع کرنے سے پہلے ڈبے پر لیبل لـ دیں۔**

## درمیانی دھار کے پیشاب کا نمونہ جمع کرنے کےلیے:

**1**



کنٹینر کا ڈھکن اتاریں
اور اسے کسی صاف سطح پر
اس طرح رکھیں کہ اس کا
اندرونی حصہ اوپر کی طرف
ہو۔

**2**




ایک ہاتھ سے لیبیا (Labia)،
(یعنی اندام نہانی کے دہانے
کے اردگرد موجود جلد کی
تہوں،
کو الگ کریں اور انہیں الگ ہی
رکھیں۔

**3**



پہلے ٹوائلٹ میں پیشاب کرنا شروع کریں
(پیشاب کی ابتدائی مقدار کنٹینر میں جمع
نہ کریں)۔ پیشاب کا بہاؤ روکے بغیر،
کنٹینر کو پیشاب کی دھار کے نیچے لے
جائیں اور اس میں کچھ پیشاب جمع کریں۔

**4**



کنٹینر میں اتنا پیشاب بھر دیں کہ وہ
بھر جائے
لیکن پیشاب باہر نہ بہے، یا اگر
کنٹینر پر کوئی نشان بنا ہوا ہو تو
اس نشان تک بھریں۔ ٹوائلٹ میں باقی
پیشاب مکمل کریں۔

**5**



کنٹینر کا ڈھکن دوبارہ اچھی طرح بند
کریں
اور اسے مضبوطی سے کس دیں۔
اگر کنٹینر کا بیرونی حصہ گیلا ہو
گیا ہو تو اسے دھو کر اچھی طرح
خشک کر لیں۔

**6**



پیشاب کا نمونہ، اور وہ تمام فارم یا لیبل
جنہیں آپ سے مکمل کرنے
کےلیے کہا گیا ہو، جتنی جلد ممکن
ہو اپنے صحت کی دیکھ بھال فراہم
کرنے والے کے پاس لے جائیں۔
صفحہ 2 پر دی گئی ہدایات پر عمل
کریں۔

## معلومات کا خلاصہ

**درمیانی دھار کا پیشاب کیا ہوتا ہے؟** درمیانی دھار کا پیشاب وہ ہوتا ہے جو پیشاب شروع کرنے کے بعد درمیان میں لیا جاتا ہے۔

**میں درمیانی دھار کا نمونہ کیوں لوں؟**

پیشاب کی دھار کا ابتدائی حصہ جلد کے جراثیم لے سکتا ہے، جو ٹیسٹ کے نتائج کو متاثر کر سکتے ہیں۔ درمیانی دھار کا نمونہ لینے سے یہ مسئلہ کم ہوتا ہے اور نتائج زیادہ درست آتے ہیں۔

**کیا مجھے نمونہ لینے سے پہلے شرم گاہ کو دھونا ضروری ہے؟**

عام طور پر آپ کو کچھ خاص صفائی یا صفائی کی مصنوعات استعمال کرنے کی ضرورت نہیں، جب تک کہ آپ کی صحت کی دیکھ بھال کرنے والا ماہر آپ کو کچھ اور نہ کہے۔ بس یہ یقینی بنائیں کہ وہ حصہ صاف اور خشک ہو۔

**کیا میں گھر کا کوئی جار یا ڈبہ استعمال کر سکتی ہوں؟**

آپ کو پیشاب کا نمونہ لینے کےلیے وہی ڈبہ استعمال کرنا چاہیے جو آپ کے صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہر نے آپ کو دیا ہے۔

**کیا اس بات سے فرق پڑتا ہے کہ میں نمونہ کب جمع کروں؟**

کوشش کریں کہ پیشاب کا نمونہ اپنی مقررہ ملاقات کے قریب ترین وقت میں جمع کریں اگر ممکن ہو تو تاکہ نمونہ بہترین معیار کا ہو۔ اینٹی بایوٹک شروع کرنے سے پہلے نمونہ لینے کی کوشش کریں۔

**کیا ایسی صورتیں ہوتی ہیں جہاں یہ طریقہ بدل سکتا ہے؟**

کبھی کبھی آپ کا صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والا پیشاب کا نمونہ لینے کا کوئی مختلف طریقہ تجویز کر سکتا ہے۔ اگر ایسا ہو تو جو ہدایات وہ دیں ان پر عمل کریں۔

## پیشاب کے نمونے کو واپس جمع کروانے کی ہدایات

**نمونہ جلد واپس کریں**
اسے جتنی جلد ممکن ہو اپنے صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کے پاس لے جائیں — بہتر ہے کہ دو گھنٹے کے اندر اندر لے جائیں۔

**جمع کروانے کے اوقات چیک کریں** پوچھیں کہ نمونہ جمع کروانے کا آخری وقت کیا ہے, تاکہ نمونہ اسی دن لیبارٹری پہنچ سکے۔

**اسے ٹھنڈا رکھیں**
اگر آپ نمونے کو فوراً نہیں لے جا سکتے تو اس کو پلاسٹک کے تھیلے میں رکھ کر فریج میں رکھ دیں، جب تک اسے نہ لے جا سکیں۔

**خصوصی جراثیم سے پاک کنٹینر کا استعمال**
کچھ ڈبوں میں ایک محفوظ کرنے والا پاؤڈر ہوتا ہے اور ان پر بھرنے کی حد کی ایک لکیر بنی ہوتی ہے۔ کوشش کریں کہ پیشاب اس لکیر تک بھریں، لیکن اگر آپ ایسا نہ کر سکیں تو جتنا پیشاب ممکن ہو اتنا جمع کر لیں۔

**مزید معلومات کےلیے یہاں اسکین کریں**

© کراؤن کاپی رائٹ 2026۔ ورژن 1۔ شائع شدہ: جولائی 2026 نظرثانی کی تاریخ: جولائی 2029۔ یہ دستاویز صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ماہرین، مریضوں اور طبی اداروں کے ساتھ مل کر تیار کی گئی ہے۔ TARGET کو برطانیہ کی ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی چلاتی ہے۔